حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

تبصرہ: ابوالادیب

کتاب: سید ابوالحسن علی ندویؒ ○ تالیف: بلال عبدالحیٔ حسنی ندوی

ضخامت: ۷۴ صفحات ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابو ہریرہ، خالق آباد۔ نوشہرہ (سرحد)

ماہنامہ ''القاسم'' نے ۵۶۰ صفحات پر مشتمل، مولانا سید ابوالحسن علی ندوی پر ایک خصوصی نمبر شائع کیا۔ جناب بلال عبدالحیٔ حسنی ندوی کا زیرِ نظر مقالہ اُس میں چھپ چکا ہے جسے اس ادارے نے یہ سمجھتے ہوئے کہ یہ مضمون اس موضوع پر جامع معلومات کا حامل ہے۔ اب علیحدہ شائع کیا ہے۔ ۷۴ صفحات پر مشتمل اس کتاب میں مختصر طور پر علی میاںؒ کے حالاتِ زندگی بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے پرنٹنگ واضح، ٹائٹل تین خوبصورت جاذبِ نظر رنگوں میں ہے۔ قیمت درج نہیں ہے۔



کتاب: میزان افادات: جسٹس (ر) وجیہہ الدین احمد

ضخامت: ۳۶۰ صفحات قیمت: غیر مجلد: ۲۰۰ روپے مجلد: ۲۵۰ روپے

ملنے کا پتا: پاکستان لاء ہاؤس، پاکستان چوک۔ کراچی

ناشر: ادارہ ''نور علیٰ نور'' کراچی

سود کے موضوع پر اس کتاب میں جسٹس (ر) وجیہہ الدین کے اہم انٹرویوز، تقاریر اور وفاقی شرعی اپیلیٹ بنچ کے جج کی حیثیت سے اُن کے تاریخی فیصلے کی پوری روداد نقل کی گئی ہے۔ یہ تاریخی دستاویز ایک اہم حیثیت کی حامل ہے جناب جسٹس (ر) وجیہہ الدین احمد تقریباً دس سال تک عدلیہ کے اعلیٰ مناصب پر فائز رہے ہیں۔ دینی اور علمی حلقوں میں ان کا تذکرہ زیادہ تر اُس وقت شروع ہوا جب انہوں نے پاکستان سپریم کورٹ کی شریعت اپیلیٹ بنچ کے جج کی حیثیت سے، اپنے دوسرے ساتھی ججوں کے ہمراہ سود کے خلاف تاریخ ساز فیصلہ دیا۔

بہر کیف یہ کتاب انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں ''سود'' کے موضوع پر ایک اہم دستاویز ہے۔ جس کی اشاعت کے لئے ماہنامہ ''نور علیٰ نور'' کے مدیر جناب عبدالرشید انصاری مبارک باد کے مستحق ہیں۔